© rasailojaraid.com



سید محمد یونس بخاری

# غزل

لٹا جہانِ تصور بجھے نظر کے دیئے
تمھاری زلفِ شب انگیز کی خوشی کے لئے

چلو کہ صبح کے تارے سے روشنی مانگیں
دیارِ فکر کی گھمبیر تیرگی کے لئے

چمن میں جشنِ بہاراں تو ہے میرے یارو
مگر وہ گل کہ ترستا ہے اک ہنسی کے لئے

وفا و مہر کے قصے نیاز و ناز کے گیت
سنانے لگتے ہیں کچھ لوگ دل لگی کے لئے

ہم ایسے لوگ ہوں گے چارگی کی دلدل میں
سزا یہ کم نہیں اکیسویں صدی کے لئے

صدائے بربطِ دل اور سناز تشنہ لبی
یہی ہیں رندوں کے آداب مے کشی کے لئے

وقارِ گل کے علاوہ جہان میں یونس
غمِ بشر بھی مقدم ہے آدمی کے لئے

# اظہارِ تشکر

مجاہدِ ختمِ نبوت، وکیلِ صحابہ، حضرت مولانا محمد ضیاء القاسمی رحمہ اللہ کے سانحہ ارتحال پر جن دوستوں بزرگوں نے خود تشریف لا کر یا فون کے ذریعے/خطوط کے ذریعے ہمارے ساتھ ہمدردی اور محبت کا اظہار فرمایا ہے ہم اس پر تمام احباب کے تہہ دل سے ممنون ہیں۔ اور امید کرتے ہیں کہ وہ حضرت قاسمی صاحب کو اپنی دعاؤں میں ہمیشہ یاد رکھیں گے اور ان کے مشن کو جاری رکھنے میں ہمارا بھرپور ساتھ دیں گے۔

والسلام

قاری عبدالحی عابد خطیب مدنی مسجد غازی آباد لاہور

جانشینِ قاسمی صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی چیئرمین سپریم کونسل سپاہِ صحابہ پاکستان

صاحبزادہ طاہر قاسمی چیئرمین قاسمیہ فری ڈسپنسری    صاحبزادہ خالد محمود قاسمی نائب مہتمم جامعہ قاسمیہ فیصل آباد

© rasailojaraid.com